aglasem.com

FOR KARNATAKA CLASS 11 PREPARATION

Karnataka 1st PUC Model Question Paper 2027 for Urdu (Paper 1)

EXAM	YEAR	TYPE	SUBJECT
Karnataka Class 11	2027	Sample Paper	Urdu

GOVERNMENT OF KARNATAKA
DEPARTMENT OF SCHOOL EDUCATION (Pre-University), BENGALURU

18TH CROSS, MALLESHWARAM, BENGALURU – 560 012

I PUC MODEL QUESTION PAPER – 1, 2026 -27

Subject:Urdu (08) **No. of Questions: 51**

Time: 3**:00 Hours** Max. Marks: 8**0**

ضروری ہدایات: ۱) تمام سوالات کے جواب مطلوب ہیں۔ ۲) ہر سوال کے محاذی نشان درج ہیں۔

۳) اس سوالیہ پرچے کے چار حصے الف، ب، ج اور د ہیں اور ان میں سے حصہ "الف" کے سوالوں کے جوابات جو پہلی مرتبہ لکھے گئے ہیں صرف انہیں کی جانچ ہوگی۔

حصہ - "الف"

I. (الف) درجِ ذیل سوالوں کے دیے گئے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب چُن کر لکھیے۔ 5X1=5

1. حضور اکرمؐ کو قوم نے کون سے القاب سے نوازا؟

A. صادق اور امین B. بہادر اور سخی

C. عالم اور محسن D. مصلح اور رہنما

2. سید محمد اشرف کا لکھا ہوا افسانہ

A. مردہ گھر B. ممتاز شیرین

C. دعا D. چھتری

3. کلپنا چاولہ کے کولمبیا حادثے کے بعد خلا میں سفر کے حوالے سے کیا تبدیلیاں آئیں؟

A. صرف تربیت یافتہ خلابازوں کو بھیجا جانے لگا B. خلائی سفر کی فیس میں اضافہ ہوا

C. خلائی جہازوں کی حفاظت میں بہتری آئی D. کسی بھی انسان کو خلا میں بھیجنے کی ممانعت ہوئی

4. ممتاز شیریں نے اپنے شوہر کی کن خصوصیات کو اپنا رہنما سمجھا؟

A. دولت اور حیثیت B. مذہبی عقائد

C. علمی بصیرت اور نقادانہ سوچ D. سیاسی وابستگی

5. پہلا آدمی چھتری کو ہمیشہ ساتھ رکھنے کی دلیل کیا دیتا ہے؟

A. بارش سے بچنے کے لیے B. خود کو اہم ظاہر کرنے کے لیے

C. ہر موسم میں حفاظت کے لیے D. لوگوں سے بچنے کے لیے

aglasem.com For more Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus visit aglasem.com

(ب) قوسین میں دیے گئے مناسب مترادفات کے استعمال سے خالی جگہوں کو پر کیجیے۔ 5X1=5

(خوف، سورج، محفل، پیاس، چاند، کم)

6. ماہتاب = _____
7. مجلس = _____
8. خدشہ = _____
9. تشنگی = _____
10. قلیل = _____

(ج) "الف" اور "ب" کو جوڑ کر اضداد بنائیے۔ 5X1=5

الف	ب
11. ترقی	i. سست
12. چست	ii. ابد
13. جنت	iii. انجام
14. آغاز	iv. تنزل
15. ازل	v. دوزخ

(د) ذیل کے سوالات کے جواب ایک لفظ یا ایک جملے میں لکھیے۔ 5X1=5

16. دین و دنیا کا کام کس سے چلتا ہے؟
17. جب کتّے آپس میں مل بیٹھتے ہیں تو پہلے کیا کرتے ہیں؟
18. نئے خانساماں نے پچھلی دس ملازمتیں چھوڑنے کی وجہ کیا بتائی؟
19. ٹوکیو میں مجتبیٰ حسین کی آوارہ گردی کا واحد ذریعہ کیا تھا؟
20. لڑکے کی لاش کیا پکار رہی تھی؟

حصہ - "ب"

II. (الف) ذیل میں سے کسی چار کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے۔ 4X2=8

21. کاکلوت سے مراد کیا ہے؟ اگر یہ عقل میں سما جائے تو کیا ہوتا ہے؟
22. وضع دار طبقے کے افراد باورچی رکھنے کے بجائے نکاحِ ثانی کیوں کر لیتے ہیں؟
23. تاجما کی کس بات پر مجتبیٰ حسین کا سر فخر سے اونچا ہو گیا؟
24. جاسوسی ناولوں کے تعلق سے خاکہ نگار کا کیا خیال ہے؟
25. ڈاکٹر عبدالستار صدیقی کی ہمزہ سے متعلق کونسی تجویز رائج نہیں ہو سکی؟
26. مردہ گھر میں نارائین کا معائنہ کرنے کے بعد ڈاکٹر نے کیا کہا؟

aglasem.com For more Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus visit aglasem.com

(ب) مندرجہ ذیل میں سے کسی تین کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے۔ 3X2=6

27. گردش میں کون کون ہے؟

28. حضور اکرمؐ روزِ محشر، امت کی کیا کریں گے؟

29. ایک دن وقت نے دولت سے کیا کہا؟

30. حاصل وہم و گماں کسے کہا گیا ہے؟

31. اس عہدِ سیاست میں انسان کیا ہو گئے ہیں؟

32. ٹی وی دیکھنے کا اثر انسان پر کیا ہوتا ہے؟

(ج) مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک کا جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے۔ 1X2=2

33. "جب کوئی کانٹا چبھتا ہے، ہر اک کو چبھن دے جاتا ہے" کی تشریح کریں اور اس کا معاشرتی مفہوم بتائیں۔

34. نظم میں "گوتم کی گفتگو" اور "گیتا کا پاٹ" کن اقدار کی طرف اشارہ کرتے ہیں؟

III. (الف) ان میں سے کسی دو سوالات کے جواب پانچ تا سات جملوں میں لکھیے۔ 2X4=8

35. حضورِ اکرمؐ کی قوت برداشت اور صلہ رحمی سے متعلق کوئی واقعہ لکھیے؟

36. سلیم نے طوفان، بارش اور بجلی سے بچنے کی کونسی دعائیں بتائیں؟

37. خلائی سفر کے دوران انسانی جسم پر پڑنے والے اثرات کیا ہیں، اور ان سے کیسے نمٹا جا سکتا ہے؟

38. منیا کی گھڑی کو منحوس کہنے کی کیا وجہ تھی؟ کیا اس کا اثر منیا کی نیند پر بھی پڑا؟

(ب) کسی دو جملوں کی بحوالۂ متن وضاحت کیجیے۔ 2X2=4

39. ”گویا بات تو عجیب ہے مگر آپ کے فرمانے سے باور کرتا ہوں۔“

40. ”ہاتھ بیچا ہے، زبان نہیں بیچی۔“

41. ”حضرت! وہ جو بُلٹ ٹرین 8/ بج کر 41/ منٹ پر چلنے والی تھی، وہ کہاں ہے۔“

42. ”نہیں نہیں! مر جانے پر دیکھنے اور جانچنے سے کیا فائدہ۔ لے جاؤ مردہ گھر میں ڈال دو۔“

حصہ - ”ج“

IV . 43. کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھیے۔ 1X4=4

i. دنیا دار المکافات ہے ii. ایک نوجوان کے نام iii. کرناٹک

aglasem.com For more Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus visit aglasem.com

44. ذیل میں دیے کسی چار اشعار کی تشریح کیجیے۔ 4X2=8

i. سینکڑوں حرف ہیں گرہِ دل میں — پر کہاں پایئے لبِ اظہار
ii. جہاں میں ہو غم و شادی بہم ہمیں کیا کام — دیا ہے ہم کو خدا نے وہ دل کے شاد نہیں
iii. جو پھر جائے اس بے وفا سے تو جانوں — کہ دل پر نہیں زور چلتا کسی کا
iv. وہ نہ چاہے تو میں بینا نہ رہوں — وہ جو چاہے تو نظر بھی آئے
v. سر فرازی کی تمنا قلب میں رہ جائے گی — ہم کہیں کھو جائیں گے ہمسر بدلتے جائیں گے

45. کسی ایک رباعی کی تشریح کیجیے۔ 1X4=4

i. پیری آئی، ہوئی جوانی رخصت — ساتھ اس کے وہ لطفِ زندگانی رخصت
ہے اب تو اس کا انتظار اے اکبر — ہم کو بھی کرے جہانِ فانی رخصت
ii. ذرّے ذرّے سے اک جہاں پیدا کر — خود اپنی جبیں میں آستاں پیدا کر
جینا ہے اگر خضر کا احسان نہ لے — ہر سانس سے عمر جاوداں پیدا کر

حصہ " د "

V 46. ذیل میں سے کسی چار مرکبات کو جملوں میں استعمال کیجیے۔ 4X1=4

i. وضع دار — ii. صاحبِ سروت — iii. ردِ عمل
iv. سرفرازی — v. خود کفیل — vi. منزلِ مقصود

47. مندرجہ ذیل الفاظ کی جنس پہچانیے۔ 1X2=2

میدان — قوم — شہر — پتنگ

48. ان سابقوں اور لاحقوں کی مدد سے ایک ایک مرکب لفظ بنایئے۔ 1X2=2

[نیم] — [لا] — [زار] — [خانہ]

49. ان کے مفعول لکھیے۔ 2X1=2

i. عامل — ii. نقل

50. حمد یا نظم کی تعریف بیان کیجیے۔ 1X2=2

51. ذیل کے جملوں کا اُردو زبان میں ترجمہ کیجیے۔ 4

i. An Indian farmer born in debt, live in debt and died in debt.

ii. Taj Mahal is one among the eight wonders of the world.

iii. Man is the social animal.

iv. Urdu is our mother tongue.

aglasem.com For more Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus visit aglasem.com